نیویارک شہر پبلک اسکولوں میں کیا ہورہا ہے

اعرض هذه الوثيقة باللغة العربية / এই নথি বা ডক্যুমেন্টটি বাংলায় দেখুন /
查看本文件的中文版 / Consultez ce document en français / Gade dokiman sa a an kreyòl ayisyen /
이 문서를 한국어로 보기 / Consulte este documento en español /
یہ دستاویز اردو میں ملاحظہ کریں / Перевод документа на русский язык /
schools.nyc.gov/messagesforfamilies

25 فروری، 2022

یہ جدید ترین مراسلہ ہماری باہر ماسک پہننے کی پالیسی کے بارے میں تازہ ترین اہم معلومات فراہم کرتا ہے۔ اس پالیسی کا اطلاق پیر، 28 فروری، 2022 سے ہو جائے گا۔

باہر ماسک پہننے کی پالیسی

پیر، 28 فروری سے شروع، اسکول کے میدانوں میں ماسک یا چہرے کے ماسک اختیاری ہونگے۔ اسکولوں کے اندر تمام طلبا، عملہ، اور ملاقاتیوں کو ماسک لگانا ابھی بھی لازمی ہے۔ ہم COVID-19 کے دستوری اعمال پر سختی سے عمل درآمد کرنا جاری رکھیں گے، بشمول مزید ہوا داری، سماجی فاصلہ جب بھی ممکن ہو، روزآنہ صحت کی ایک جانچ تاکہ اسے یقینی بنایا جا سکے کہ جن کو علامتیں ہیں وہ اسکول نہ آئیں اور جانچ کِٹس کی تقسیم۔

بطور یاد دہانی، COVID-19 سے نمٹنے کے لیے اور ہمارے اسکولوں کو تمام طلبا کے لیے محفوظ رکھنے کے لیے ہمارے پاس ویکسینیشن بہترین آلہ ہے۔ 5 سال اور اس سے زائد عمر کے بچے COVID-19 سے بچاؤ کی ویکسین لگوانے کے اہل ہیں۔ اگر آپ کا بچہ اہل ہے لیکن COVID-19 سے بچاؤ کے لیے اب تک ویکسین نہیں لگوائی ہے آپ vaccinefinder.nyc.gov پر جا کر یا 311 پر کال کرکے ایک وقت مقرر کر سکتے ہیں۔ ویکسین نیو یارک شہر کے تمام شہریوں کے لیے مفت ہے، نقل وطنی (امیگریشن) یا بیمہ (انشورنس) کی صورت حال سے قطع نظر۔ ہم آپ کی مستقل شراکت کے شکرگزار ہیں۔